ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(23)

مورخہ 11.01.24

**بہاول پور (        ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، گزشتہ 10 روز کی مختلف کارروائیوں میں 53 ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد، ملزمان پابند سلاسل۔ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا، ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔بہاولپور پولیس نے رواں ماہ میں اب تک منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 48 مقدمات درج کر کے 48 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 20 کلو 468 گرام چرس، 03 کلو 260 گرام ہیروئن، 101 گرام کرسٹل آئس، 210 گرام بھنگ، 1576 لیٹر شراب، 160 لیٹر لہن اور 05 عدد چالو بھٹیاں برآمد کیں۔اسی طرح بہاولپور پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف 05 مقدمات درج کر کے گرفتار ملزمان سے 03 عدد پسٹل 30 بور، 01 عدد رپیٹر اور 01 عدد ریوالور 32 بور برآمد کرلیا۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہا ہے، معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کرنا پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**

بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، گزشتہ 10 روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد